﴿وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ۭاِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ۭ اِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ﴾ (46:21)

اور ذرا تذکرہ کیجیے قوم عاد کے بھائی (ہود ((علیہ السلام)) کا' جب اس نے خبردار کیا اپنی قوم کو احقاف میں اور اس سے پہلے بھی اور اس کے بعد بھی بہت سے خبردار کرنے والے گزر چکے تھے کہ مت عبادت کرو کسی کی سوائے اللہ کے مجھے اندیشہ ہے تم پر ایک بڑے دن کے عذاب کا

﴿ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴾ (46:31)

اے ہماری قوم کے لوگو! اللہ کی طرف پکارنے والے کی پکار پر لبیک کہو اور اس پر ایمان لے آؤ تاکہ وہ (اللہ) تمہارے گناہوں کو بخش دے اور تمہیں ایک دردناک عذاب سے بچا لے

﴿وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاۗءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙوَمَا يُتْلٰي عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَي النِّسَاۗءِ ﴾ (4:127)

(اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ لوگ آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے عورتوں کے معاملہ میں فتوٰی پوچھتے ہیں کہہ دیجیے کہ اللہ تمہیں فتوٰی دیتا ہے (وضاحت کرتا ہے) ان کے بارے میں اور جو تمہیں (پہلے سے) سنایا جا رہا ہے کتاب میں یتیم لڑکیوں کے بارے میں

﴿ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ﴾ (10:1)

یہ بڑی حکمت بھری کتاب کی آیات ہیں۔

﴿لَا تَجْعَلُوْا دُعَاۗءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاۗءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا﴾ (24:63)

تم لوگ رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے بلانے کو ایسے نہ سمجھ لو جیسے تمہارا آپس میں ایک دوسرے کو بلانا۔

﴿ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ﴾ (10:1)

یہ بڑی حکمت بھری کتاب کی آیات ہیں۔

© copy rights reserved

﴿ وَالْجَاۗنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ﴾ (15:27)

اور جنات کو ہم نے پیدا کیا تھا اس سے پہلے آگ کی لپٹ سے۔

﴿ اَذٰ لِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ﴾ (37:62)

بھلا مہمانی کے طور پر یہ بہتر ہے یا زقوم کا درخت ؟۔

﴿اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴾ (85:10)

"یقیناً جن لوگوں نے ظلم و ستم توڑا مومن مردوں اور مومن عورتوں پر پھر انہوں نے توبہ بھی نہیں کی" تو ان کے لیے ہوگا جہنم کا عذاب اور جلاڈالنے والا عذاب۔

﴿اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ﴾ (6:95)

یقیناً اللہ ہی دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والا ہے وہ نکالتا ہے زندہ کو مردہ میں سے اور وہی نکالنے والا ہے مردہ کو زندہ میں سے

© copy rights reserved